Gospel.net
Gospel of Jesus Christ

## خُوشخبری کا پیغام ۔ مہربانی سے درج ذیل کا مُطالعہ کریں :

| | |
|---|---|
| پیدائش1:1 | خُدا نے ابتدا میں زمین و آسمان کو پیدا کیا۔ |
| رومیوں23:3 | اِس لئے کہ سب نے گناہ کیا اور خُدا کے جلال سے محرُوم ہیں۔ |
| یوحنا34:8 | یسوع نے اُنہیں جواب دیا میں تُم سے سچ کہتا ہوں کہ جو کوئی گناہ کرتا ہے گناہ کا غُلام ہے۔ |

خُدا نے ہمیں پیدا کیا لیکن ہم اُس کی جانکاری نہیں رکھتے اور اپنی گناہگار فطرت کے سبب اُس سے جُدا ہیں۔ ہماری زندگیاں بغیر خُدا کے بے معنی اور بے مقصد ہیں ۔ ہمارے گناہ کا نتیجہ (مول) موت ہے دونوں روحانی اور جسمانی۔ روحانی موت کا مطلب خُدا سے علیحدگی ہے ۔ جسمانی موت جسم کا گلنا سڑنا ہے۔ اگر ہم اپنے گناہگار حالت میں مرتے ہیں تو ہم خُدا سے ہمیشہ کے لئے جُدا ہو جاتے ہیں اور ہمارا انجام دوزخ ہوتا ہے۔ ہم کیسے اپنے آپ کو اپنے گناہوں سے نجات دلا سکتے ہیں اور خُدا کی جانب واپس رجُوع لا سکتے ہیں۔ ہم اپنے آپ کو بچا نہیں سکتے کیونکہ ایک گناہگار انسان کے لئے اپنے آپ کو بچانا ممکن نہیں ہے (بالکل اُس طرح جیسے ڈوبتا ہوا انسان اپنے آپ کو نہیں بچا سکتا )۔ نہ ہی کوئی دُوسرا ہمیں بچا سکتا ہے کیونکہ ہم سب گناہگار ہیں (ایک ڈوبتا ہوا انسان دُوسرے ڈُوبتے ہوئے انسان کو نہیں بچا سکتا ، دونوں کو مدد کی ضرورت ہوتی ہے)۔ ہمیں کسی ایسے کی ضرورت ہے جو گناہ سے پاک ہو (ڈُوب نہ رہا ہو) تا کہ ہمیں ہمارے گناہوں سے نجات دلا سکے۔ صرف گناہوں سے پاک شخص ہی ہمیں نجات دلا سکتا ہے۔ گناہوں سے بھری دُنیا میں گناہوں سے پاک شخص کو کیسے تلاش کیا جا سکتا ہے جہاں سب ہی گناہگار ہوں؟

| | |
|---|---|
| رومیوں 23:6 | کیونکہ گناہ کی *مزدوری* موت ہے مگر خُدا کی بخشش ہمارے خُداوند مسیح یسوع میں ہمیشہ کی زندگی ہے۔ |
| یوحنا16:3 | کیونکہ خُدا نے دُنیا سے ایسی مُحبت رکھی کہ اُس نے اپنا اکلوتا بیٹا بخش دیا تا کہ جو کوئی اُس پر ایمان لائے ہلاک نہ ہو بلکہ ہمیشہ کی زندگی پائے ۔ |
| متی23:1 | ‘‘دیکھو ایک کنواری حاملہ ہوگی اور بیٹا جنیگی اور اُسکا نام عمانوایل رکھینگے’’، جسکا ترجمہ ہے خُدا ہمارے ساتھ۔ |
| یوحنا23:8 | اُس نے اُن سے کہا تُم نیچے کے ہو ۔میں اُوپر کا ہُوں ۔تُم دُنیا کے ہو۔ میں دُنیا کا نہیں ہوں۔ |
| مرقس11:1 | اور آسمان سے آواز آئی کہ تُو میرا پیارا بیٹا ہے ۔تُجھ سے میں خُوش ہُوں۔ |
| یوحنا36:8 | پس اگر بیٹا تُمہیں آزاد کرے گا تو تُم واقعی آزاد ہو گے ۔ |
| یوحنا3:3 | یسوع نے جواب میں اُس سے کہا میں تُجھ سے سچ کہتا ہُوں کہ جب تک کوئی نئے سرے سے پیدا نہ ہو وہ خُدا کی بادشاہی کو دیکھ نہیں سکتا۔ |
| یوحنا12:1 | لیکن جتنوں نے اُسے قبُول کیا اُس نے اُنہیں خُدا کے فرزند بننے کا حق بخشا یعنی اُنہیں جو اُسکے نام پر ایمان لاتے ہیں۔ |

خُدا جس نے ہمیں پیدا کیا اور ہم سے بے پناہ مُحبت رکھتا ہے وہی ہم اِس کا حل دیتا ہے۔ اپنی بے پناہ مُحبت میں سے اپس نے اپنا اکلوتا بیٹا ، یسوع بھیجا تا کہ ہمارے گناہوں کی خاطر جان کا فدیہ دے۔یسوع پاک ہے کیونکہ وہ اِس دُنیا سے نہیں ہے، جبکہ زمین پر ہوتے ہوئے ، وہ گناہ کے لئے ابلیس کی آزمائش پر غالب آیا۔ اُس کی زندگی عالم بالا پر خُدا کو پسند آئی۔ یسوع نے ہمارے گناہ اُٹھا لئے اور صلیب پر ہمارے گناہوں کی خاطر جان دی۔ وہ ہماری زندگیوں کا نجات دہندہ ہے (یسوع ہمیں بچانے کا اہل ہے کیونکہ وہ خُود ڈُوبنے کی حالت میں نہیں ہے)۔ یسوع کا صلیب پر جان دینے کا مقصد ہمارے گناہوں کا مُول ادا کرنا تھا اور ، تا کہ ہمارے گناہوں کو ہم سے ہٹا سکے اور ہمارے خُدا سے ٹُوٹے تعلق کو بحال کرسکے۔ ہم خُدا کی قُدرت کے وسیلہ سے رُوحانی موت (خُدا سے علیحدگی) سے زندہ لوٹ آتے ہیں۔ اِس نئے تعلق کو نئے سرے سے پیدا ہونا کہتے ہیں ۔ یہ ہمیں ہمارے اِس دُنیا میں وجود اور پیدا ہونے کے مقصد کو بحال کرتا ہے اور ہمیں حقیقی معنی اور زندہ رہنے کا مقصد دیتا ہے۔

یوحنا25:11 — یسوع نے اُس سے کہا قیامت اور زندگی تو میں ہُوں جو مُجھ پر ایمان لاتا ہے گو وہ مرجائے تو بھی زندہ رہیگا۔

رومیوں9:6 — کیونکہ یہ جانتے ہیں کہ مسیح جب مُردوں میں سے جی اُٹھا ہے تو پھر نہیں مرنے کا ، موت کا پھراُس پر اختیار نہیں ہونے کا۔

اعمال24:2 — لیکن خُدا نے موت کے بند کھول کر اُسے جِلایا کیونکہ مُمکن نہ تھا کہ وہ اُسکے قبضہ میں رہتا۔

رومیوں9:14 — کیونکہ مسیح اِس لئے مُوا اور زندہ ہوا کہ مُردوں اور زندوں دونوں کا خُداوند ہو۔

اعمال11:1 — اور کہنے لگے۔ائے گلیلی مردو! تُم کیوں کھڑے آسمان کی طرف دیکھتے ہو ؟ یہی یسوع جو تُمہارے پاس سے آسمان پر اُٹھایا گیا ہے ۔ اِسی طرح پھر آئیگا جس طرح تُم نے اُسے آسمان پر جاتے دیکھا ہے۔

ہمارے پاس کیا ثبوت ہے کہ ہمارے گُناہوں کی خاطر مرنے کی یسوع کی قُربانی کو خُدا نے آسمان پر قبُول کرلیا تھا؟ ثبوت خُدا کی طرف سے یسوع کا مُردوں میں سے زندہ ہونا ہے۔ جی اُٹھنے سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ یسوع موت پر غالب آیا تھا (یا، دُوسرے لفظوں میں موت اُس پر کوئی اختیار نہ رکھتی تھی)۔ اِس لئے ، اب ، کیونکہ یسوع زندہ ہے تو ہم بھی جیتے ہیں ۔ اُس کی ہم میں زندگی ہمیں زندگی بخشتی ہے۔ یہ بھی، کیونکہ وہ جی اُٹھا تھا، اِس لئے وہ آج بھی زندہ ہے۔

یوحنا24:5 — ‘‘میں تُم سے سچ کہتا ہوں کہ جو میرا کلام سُنتا اور میرے بھیجنے والے کا یقین کرتا ہے ہمیشہ کی زندگی اُس کی ہے اور اُس پر سزا کا حُکم نہیں ہوتا بلکہ وہ موت سے نکل کر زندگی میں داخل ہوگیا ہے’’۔

یوحنا9:10 — دروازہ میں ہوں اگر کوئی مُجھ سے داخل ہو تو نجات پائیگا اور اندر باہر آیا جایا کرے گا اور چارا پائیگا۔

یوحنا6:14 — یسوع نے اُس سے کہا کہ راہ اور حق اور زندگی میں ہوں ۔کوئی میرے وسیلہ کے بغیر باپ کے پاس نہیں آتا۔

یوحنا24:8 — اِس لئے میں نے تُم سے یہ کہا کہ اپنے گُناہوں میں مرو گے کیونکہ اگر تُم ایمان نہ لائو گے کہ میں وہی ہُوں تو اپنے گناہوں میں مرو گے۔

Copyright © www.gospel.net

| | |
|---|---|
| اعمال12:4 | اور کسی دُوسرے کے وسیلہ سے نجات نہیں کیونکہ آسمان کے تلے آدمیوں کو کوئی دُوسرا نام نہیں بخشا گیا جسکے وسیلہ سے ہم نجات پا سکیں۔ |
| رومیوں13:10 | کیونکہ ‘‘جو کوئی خُداوند کا نام لیگا نجات پائیگا’’۔ |
| رومیوں11:10 | چُنانچہ کتاب مُقدس یہ کہتی ہے کہ جو کوئی اُس پر ایمان لائیگا وہ شرمندہ نہ ہو گا۔ |
| رومیوں11:2 | کیونکہ خُدا کے ہاں کسی طرفداری نہیں۔ |
| رومیوں22:3 | یعنی خُدا کی وہ راستبازی جو یسوع مسیح پر ایمان لانے سے سب ایمان لانے والوں کو حاصل ہوتی ہے کیونکہ کُچھ فرق نہیں؛ |
| رومیوں9:10 | کہ اگر تُو اپنی زبان سے یسوع کے خُداوند ہونے کا اقرار کرے اور اپنے دل سے ایمان لائے کہ خُدا نے اُسے مُردوں میں سے جِلایا تو نجات پائیگا۔ |

ہمارے گناہ کِس طرح مٹ سکتے ہیں اور ہم یہ نئی زندگی کیسے پا سکتے ہیں ؟ یسوع پر ہمارے خُداوند اور نجات دہندہ کے طور پر ایمان لانے سے۔ اگر ہم اپنی گناہگار روش سے توبہ کریں اور یسوع کو مُعافی کے لئے پُکاریں کہ وہ ہمیں نجات دے تو وہ ایسا کرے گا۔ یسوع خُدا کا بیٹاہے جو دُنیا میں آیا تا کہ ہمارے گُناہوں کی خاطر موت قبُول کرے۔ دُنیا میں جو کوےئ بھی جو اپنا بھروسہ اُس پر رکھتا ہے ، وہ خُدا سے مُعافی پائے گا ، اپنے گُناہوں ( اور دوزخ) سے نجات پائے گا اور خُدا سے نئی زندگی پائے گا، خُدا کوئی طرفداری ظاہر نہیں کرتا۔ وہ اِس بات سے اثر نہیں لیتا کہ ہم کِس مُلک میں رہتے ہیں، کونسی زبان بولتے ہیں، امیر ہیں یا غریب ہیں، مرد ہیں یا عورت ہیں ، جوان ہیں یا بُوڑھے ہیں یا کوئی اور جسمانی فرق کے حامل ہیں۔ ہر کوئی جو یسوع پر ایمان رکھتا ہے اور اُس کا اقرار کرتا ہے ، وہ نجات پائے گا۔ درج ذیل ایک دُعا ہے جواگر آپ یسوع کی پیروی کا فیصلہ کرنا چاہتے ہیں تو پڑھ سکتے ہیں:

آسمانی خُدا ، اپنے اکلوتے بیٹے یسوع کو ہمارے پاس بھیجنے کے لئے ہم تیرا شُکر ادا کرتے ہیں کہ وہ ہمارے گُناہوں کی خاطر جان دے سکے تا کہ ہم نجات پائیں اور آسمان سے نئی زندگی پا سکیں ۔ ہم اپنی روش سے توبہ کرتے ہیں اور اپنے گُناہوں کے لئے مُعافی مانگتے ہیں ۔ میں یسوع پر اپنا بھروسہ رکھتا ہوں اور یسوع کو اپنے نجات دہندہ اور خُداوند کے طور پر قبُول کرتا ہوں۔ میری مدد اور راہنمائی کر تا کہ میں اِس نئی زندگی میں جو تُو نے مُجھے بخشی ہے ایسی زندگی گُزار سکوں جو تُجھے پسند ہو۔ آمین۔

اگر آپ نے درج بالا دُعا پڑھی ہے تو آپ خُدا سے مانگیں کہ وہ آپ کو کسی کلیسیا کی نشاندہی کرے جہاں آپ جا سکیں ۔ خُدا سے دُعا میں باقاعدگی سے بات چیت کریں اور خُدا آپ سے مُخاطب ہو گا ۔ خُدا کی آواز کو سُنیں ، خُدا آپ کی راہنمائی کرے گا ۔ وہ آپ سے مُحبت رکھتا ہے اور آپ کا خیال رکھے گا۔ آپ اُس پر بھروسہ رکھ سکتے ہیں ۔ وہ اُنہیں کبھی مایوس نہیں کرتا جو اُس پر بھروسہ رکھتے ہیں۔خُدا اچھا خُدا ہے ۔ اُس پر بھروسہ کیا جا سکتا ہے ۔ آپ اپنی زندگی کے لئے اُس پر بھروسہ رکھ سکتے ہیں ۔ اپنی ضرورتیں اُس کے حضُور لائیں۔ وہ آپ کی فکر کرتا ہے اور آپ کو برکت دے گا ۔ خُدا نے فرمایا، ‘‘کہ میں تُجھ سے ہرگز دست بردار نہ ہُونگا اور کبھی تُجھے نہ چھوڑُونگا’’۔ خُدا پر بھروسہ رکھیں اور یسوع کے وسیلہ سے برکت پائیں۔

بائبل کا باقاعدگی سے مُطالعہ کریں ، یوحنا کی کتاب سے آغاز کریں۔ مزید انٹر نیٹ ذرائع کے لئے یہاں کلک کریں۔

Copyright © www.gospel.net